## سوال

(175) تعزیہ کی مجالس میں جا کر کھیلنا کودنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید ماہ محرم کے عشرہ کے دنوں میں تعزیہ کی مجالس میں جا کر کھیلتا کودتا ہے۔ ازروئے قرآن وحدیث ایسے کھیلوں میں زید کا جانا جائز ہے۔ یا نہیں۔ اور زید اس کو ثواب یا جائز سمجھ کر نہیں جاتا۔ فقط اس نیت سے جاتا ہے۔ کہ محرم کی مجلسوں میں ہندو اور مسلمان سب جاتے ہیں۔ اس لئے مسلمانوں کا زور ہندوں پر غالب رہے۔ اور ہندو مغلوب رہیں۔ اور آئندہ اسلام میں ہندو قوم کو کوئی قسم کا خلل یا زور نہ پہنچائیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تعزیہ وغیرہ کی مجلس میں کسی نیت سے جانا بھی جائز نہیں۔ قرآن مجید اور حدیث شریف میں منع ہے۔ لَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۲ سورة المائدة

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 368

محدث فتویٰ